**انڈسٹری نوٹس 26-01#**
**1/5/2026**
**فوری اجراء کے لیے**

# نوٹس: نئے میڈیلین ٹِن (Tin) اور ریٹ کارڈ کے اجراء کا آغاز 1 مئی 2026 سے ہوگا

نیویارک سٹی ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن (TLC) تمام میڈیلین ٹیکسی کیب مالکان اور ایجنٹس کو مطلع کرنا چاہتا ہے کہ نئے ریٹ کارڈز کا اجراء 1 مئی 2026 سے ووڈ سائیڈ کی تحفظ اور دھوئیں کے اخراج کے معائنے کی عمارت (ووڈ سائیڈ سیفٹی اینڈ ایمیشنز انسپیکشن فیسیلٹی (Woodside Safety & Emissions Inspection Facility) کے مقام پر شروع ہوگا۔

مالکان اور ایجنٹس کو چاہیے کہ وہ 1 مئی 2026 یا اس کے بعد ہونے والے اپنے پہلے طے شدہ معائنے تک، اپنی میڈیلین ٹیکسی کیبز کو موجودہ ریٹ کارڈز (جن کی مدت 31 اکتوبر 2025 کو ختم ہو چکی ہے) اور 2023 تا 2025 کے میڈیلین ٹِنز کے ساتھ چلانا جاری رکھیں۔

TLC کو توقع ہے کہ نئے میڈیلین ٹِنز اور ریٹ کارڈز کے اجراء کا عمل 30 اگست 2026 تک مکمل ہو جائے گا۔

اس حوالے سے کسی بھی سوال کے لیے براہ کرم inspections@tlc.nyc.gov پر ای میل کریں۔

**NYC Taxi & Limousine Commission**
***TLC Communications***
*press@tlc.nyc.gov*
33 Beaver Street, 22nd Floor
New York, NY 10004
+1 212 676 1003 tel
+1 212 676 1100 fax